والدین/سرپرستوں کے لیے سوالات و جوابات

NYC KiDS RiSE | Save for College Program

nyckidsrise.org

NYC Kids RISE .1 کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کیا ہے؟

NYC Kids RISE کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) آپ، آپ کے خاندان اور آپ کی کمیونٹی کو آپ کے بچے کے مستقبل کے لیے بچت کرنے کے سلسلے میں مل کر کام کرنے کا ایک طریقہ فراہم کرتا ہے۔ یہ اسکالرشپ اور بچت کا ایک پروگرام ہے جسے آپ کے بچے کے لیے کالج کو زیادہ قابل رسائی اور قابل حصول بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ ہر طالب علم کو پیش کردہ اسکالرشپس دینے اور خاندانوں کو اپنی کالج کی بچتوں کا منصوبہ تیار کر سکنے کے لئے وسائل اور معلومات فراہم کرنے کے ذریعے، کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) خاندانوں کو اپنے بچے کے مستقبل کے لئے بنیادیں استوار کرنے کے لئے بااختیار بناتا ہے۔ کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) ہمارے بچوں کو اپنے کالج کے خوابوں کو حقیقت میں بدل سکنے میں مدد دینے کے لئے پوری کمیونٹی کو شامل کرتا ہے۔ یہ پروگرام خاندان کی آمدنی یا امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر—ان تمام کنڈرگارٹنر بچوں کے لئے کھلا ہے جو ڈسٹرکٹ 30 پبلک اسکول میں شرکت کر رہے ہیں۔

.2 کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کا اسکالرشپ کا حصہ کیسے کام کرتا ہے؟

NYC Kids RISE ہر حصہ لینے والے کنڈرگارٹنر کے لئے خود بخود 100$ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں جمع کراتا ہے۔ جیسے آپ کا بچہ اپنی تعلیم جاری رکھتا ہے، تو NYC Kids RISE آپ کے خاندان کو اس اسکالرشپ اکاؤنٹ میں اضافی رقم کمانے کے مواقع بھی پیش کرے گا۔ آپ کے بچے کو اپنے کالج کے اہداف تک پہنچنے میں مدد دے سکنے کے لئے کمیونٹی کے دیگر اراکین، بشمول کمیونٹی تنظیمیں اور کاروباری ادارے بھی اسکالرشپ اکاؤنٹس میں شامل کیے جا سکتے ہیں۔

اسکالرشپ فنڈز کی نیویارک کے 529 کالج بچت پروگرام ڈائریکٹ پلان میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے، اکاؤنٹ کی ایک قسم جسے خاص طور پر اسکول کے لئے بچت کرنیوالے خاندانوں کی مدد کرنے کے لئے بنایا گیا ہے۔ آپ کے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ، مالیاتی منڈیوں اور سرمایہ کاری کی کارکردگی پر منحصر وقت کے ساتھ رقم حاصل یا کھو سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں دستیاب رقم جو وہ بچہ کالج میں جائے گا، تو ہو سکتا ہے وہ اس وقت اکاؤنٹ میں جمع کرائی گئی رقم سے زیادہ یا کم ہو۔

.3 کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کا بچت کا حصہ کیسے کام کرتا ہے؟

اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں سرمایہ کاری کردہ رقم کو بڑھانے کے لئے، آپ کے پاس اپنا کالج بچت اکاؤنٹ کھولنے کا موقع ہو گا۔ والدین/سرپرست، خاندانی اراکین، اور دوست اس اکاؤنٹ میں براہ راست حصہ لے سکتے ہیں۔ اس پر منحصر کہ آپ کون سا اختیار منتخب کرتے ہیں، آپ کا خاندان NYC Kids RISE ویب سائٹ کے ذریعے اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کا سراغ رکھ سکتا ہے۔

جب آپ کے بچے کو اس کا اسکالرشپ اکاؤنٹ مل جائے گا، تو NYC کڈز رائیز اس بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گا کہ کالج کے لیے بچت کرنے کے لیے آپ اور آپ کے خاندان کے لیے موزوں منصوبہ کیسے بنایا جائے۔

.4 کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کیوں بنایا گیا تھا؟

کالج کے لیے پیسے جمع کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ بہت سے والدین کے لیے، اپنے بچوں کو کالج بھیجنا ناممکن ہو سکتا ہے۔ نیو یارک شہر اور NYC محکمہ تعلیم کے ساتھ شراکت داری میں NYC Kids RISE، نے کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) شروع کیا، تاکہ خاندانوں کو اپنے بچے کے بالکل ابتدائی دنوں سے ہی، بچتیں کرنا شروع کرنے اور کالج کے لئے منصوبہ بنانے کے لئے بااختیار بنایا جا سکے۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ 1$ اور 500$ کے کے درمیان رقم کے کالج بچت اکاؤنٹس کے حامل بچوں کے لئے کالج میں داخل ہونے کا امکان تین گنا زیادہ ہوتا ہے اور ان کے گریجویشن مکمل کرنے کا امکان چار گنا زیادہ ہوتا ہے۔ تحقیق سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ جو بچے کالج میں شرکت کرتے ہیں، وہ اپنی تمام زندگی نمایاں طور پر زیادہ تنخواہ حاصل کرتے ہیں اور ان کے بےروزگار ہونے کا امکان کم ہوتا ہے۔

.5 کالج کے لئے بچت پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے کون اہل ہے؟

اس ابتدائی مرحلے میں، کوئینز میں ڈسٹرکٹ 30 پبلک اسکول میں پڑھنے والے کنڈرگارٹن کے تمام طلباء شرکت کر سکتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ 30 پبلک اسکول کو جانے والے ہر کنڈرگارٹنر کو کالج کے لئے بچت پروگرام کی "آپٹ آؤٹ ویوز" کی ابتداء سے اختتام تک خودبخود پروگرام میں شامل کر لیا جائے گا، ماسوائے یہ کہ ان کے والدین شرکت نہ کرنے کا انتخاب کریں۔

6. کون سے اسکول حصہ لے رہے ہیں؟

کوئینز میں ڈسٹرکٹ 30 کے تمام پبلک اسکولز NYC Kids RISE کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کے ابتدائی مرحلے میں حصہ لے رہے ہیں۔

7. میں شرکت کیسے کروں؟

شروع کرنا اور اپنے بچے کے مستقبل میں سرمایہ کاری کا آغاز کرنا آسان ہے۔ کالج کے لئے بچت پروگرام میں شرکت کرنے کے تین آسان مراحل ہیں:

- کوئینز میں کسی بھی ڈسٹرکٹ 30 پبلک اسکول کو جانے والے ہر کنڈرگارٹنر کو خودبخود $100 کے ساتھ ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ موصول ہوتا ہے، ماسوائے یہ کہ ان کا خاندان شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کرے۔
- آپ کے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کھل جانے کے بعد، اپنے بچے کےNYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو دیکھنے اور وقت کے ساتھ بیلنس کا حساب رکھنے کے لیے NYC آن لائن رجسٹر کریں۔ جب آپ اپنے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ کو دیکھنے کیلئے رجسٹر کرتے ہیں، تو NYC کڈز رائز اکاؤنٹ میں ایک اضافی انعام ڈیپازٹ کر دے گی۔
- کالج کے لیے بچت کرنے کے انتخابات اور کالج کے لیے بچت کا ایک ایسا منصوبہ کیسے بنائیں، جو آپ اور آپ کے خاندان کے لیے درست ہو کے بارے میں مزید جاننے کے لیے کسی ورک شاپ میں شرکت کریں یا nyckidsrise.org ملاحظہ کریں۔

8. اگر میں شرکت نہ کرنا چاہوں، تو کیا ہو گا؟

اہل کنڈرگارٹنرز کے والدین/سرپرستوں کے پاس اسکول کو اس بارے میں مطلع کرنے کا ایک موقع ہو گا کہ وہ اپنے بچے کو کالج کے لئے بچت پروگرام میں شامل نہیں کروانا چاہتے۔ آپ کے کنڈرگارٹنر کو ان کے اسکول کی جانب سے ایک آپٹ-آؤٹ نوٹس یعنی دستبرداری کا نوٹس موصول ہو گا۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے بچے کو $100 کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ یا مستقبل میں فنڈز موصول ہوں، تو آپ کو آپٹ-آؤٹ نوٹس پر دستخط کرنے چاہیں اور اسے موصول ہونے کی تاریخ کے 30 دن کے اندر اپنے بچے کے اسکول کو واپس کرنا چاہیے۔

9. اگر میں کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) سے نہ نکلوں، تو کیا ہو گا؟

30 دنوں کے نکلنے کے دورانیے کے بعد، ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن NYC کڈز رائیز کو ہر اس کنڈرگارٹنر کے نام اور بنیادی معلومات بھیجے گا، جن کے والدین نے کالج کے لئے بچت پروگرام سے انہیں نہ نکالنے کا فیصلہ کیا۔ اس معلومات میں درج ذیل چیزیں شامل ہوں گی: بچے کا نام، سالگرہ، اسکول، گریڈ، گھر کا پتہ، گھر کا فون نمبر، اور گھر کی زبان؛ اور والدین/سرپرست کے نام اور رابطہ معلومات (اگر یہ DOE کو فراہم کی گئی تھیں تو)۔ اس ڈیٹا کی مدد سے NYC کڈز رائیز کو شرکت کرنے والے ہر بچے کے لیے ایک NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ بنانے اور اکاؤنٹ میں $100 جمع کرانے میں مدد ملے گی۔

10. میری امیگریشن کی صورت حال میری شرکت پر کیسے اثر انداز ہوتی ہے؟

ڈسٹرکٹ 30 میں ہر بچہ کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) میں حصہ لے سکتا ہے اور بچے یا اس کے خاندان کی امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ حاصل کر سکتا ہے۔ امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، تمام خاندان، اپنے کالج کی بچت کے اکاؤنٹ بھی کھول سکتے ہیں اور اپنے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ کے پروگرام کے ذریعہ بچت کرنا شروع کر سکتے ہیں۔ کالج کی بچت کے اختیارات جو آپ اور آپ کے خاندان کیلئے مناسب ہیں ان متعلق مزید معلومات کے لئے nyckidsrise.org/options ملاحظہ کریں یا ایک آنے والے کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کی تقریب میں شرکت کریں۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ اگر آپ نیویارک 529 ڈائریکٹ پلان میں اپنا کالج بچت اکاؤنٹ کھولنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کا ایک امریکی شہری یا ایک تصدیق شدہ مستقل امریکی پتہ کا حامل غیرملکی رہائشی ہونا لازمی ہے۔

11. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کی رقم کہاں پر استعمال کی جا سکتی ہے؟ کیا اس کے طریقہ استعمال پر کوئی پابندیاں موجود ہیں؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں پیسہ نیویارک 529 ڈائریکٹ پلان میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے اور صرف اعلٰی تعلیم کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس میں کالج کے دو سالہ و چار سالہ پروگرام اور کیریئر کے دیگر تربیتی پروگرام شامل ہیں۔ اسکالرشپ کی رقوم کو ٹیوشن، فیسوں، آلات، تعلیمی رہائشی اخراجات کے علاوہ دیگر ایسی چیزوں پر بھی خرچ کیا جا سکتا ہے جو دیگر اسکالرشپس میں عام طور پر شامل نہیں ہوتیں مثلاً نصابی کتابیں وغیرہ۔ رقوم کو نیو یارک اور ملک بھر میں، اور ساتھ ساتھ بیرون ملک میں کچھ اسکولوں میں تعلیمی اور

پیشہ ورانہ پروگراموں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کوالیفائنگ اعلی تعلیمی اخراجات کی مکمل فہرست کے لئے nysaves.org ملاحظہ کریں۔

وفاقی ٹیکس قوانین میں حالیہ تبدیلیاں، بعض ابتدائی اور ثانوی (K-12) تعلیمی اخراجات 529 منصوبوں کے ماتحت کوالیفائی کرنے کی اجازت دیتی ہیں۔ تاہم، NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں پیسہ کسی K-12 اخراجات کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔

12. کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کا انتظام کون کرتا ہے؟

NYC Kids RISE، NYC محکمہ تعلیم اور نیو یارک شہر کے ساتھ شراکت داری میں کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کا انتظام کرتا ہے۔ NYC Kids RISE ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے جو خاندانوں، اسکولوں اور کمیونٹیوں کو بچوں کی تعلیم کے لیے بچت کرنے کے لیے ایک ساتھ کام کرنے کا ایک طریقہ فراہم کر کے معاشی مواقع اور انصاف کو بڑھانے کے لیے مصروف عمل ہے۔ خاندان اپنے بچوں کے مستقبل کے ساتھ جو خواب اور توقعات وابستہ کرتے ہیں ان کی تعمیر کے لیے، NYC Kids RISE کا عزم ہے کہ وہ NYC کے تمام پبلک اسکولوں کے طلباء کے لیے کالج جانے اور وہاں سے گریجویشن کرنے کی راہ ہموار کرے گا — اس سے قطع نظر کہ طلباء کا تعلق کہاں سے ہے یا یہ کہ ان کی خاندانوں کے پاس بینک میں کیا کچھ موجود ہے۔ nyckidsrise.org پر ہمارے بارے میں مزید جانیں۔

13. کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کے بارے میں مزید معلومات مجھے کہاں سے مل سکتی ہے؟

کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کے بارے میں مزید معلومات nyckidsrise.org پر آن لائن دستیاب ہے یا NYC Kids RISE کو 833-KID-RISE (833-543-7473) پر کال کریں۔

NYC Kids RISE کالج کے لئے بچت پروگرام کا انتظام، NYC محکمہ تعلیم اور نیو یارک شہر کے ساتھ شراکت داری میں، NYC Kids RISE ایک غیرنفع بخش تنظیم کی جانب سے کیا جاتا ہے۔ NYC Kids RISE نیو یارک کے 529 College Savings Program (کالج بچت پروگرام) سے نہ ہی منسلک ہے اور نہ ہی اس کا مجاز تقسیم کنندہ ہے اور سرمایہ کاریوں کی سفارش یا سرمایہ کاری کا مشورہ نہیں دیتا۔ نیو یارک شہر اور NYC محکمہ تعلیم، نیویارک کے 529 کالج کے لئے بچت پروگرام کے لئے پروگرام مینیجر کے ساتھ منسلک شدہ نہیں ہے اور کسی مخصوص کالج کی بچت یا دیگر سرمایہ کاری کی گاڑی کے پروگرام، بشمول جن کے بارے میں خاندان کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) کے ذریعے جانتے ہیں، کے لئے کوئی گواہی، یا سفارش مہیا نہیں کرتا، نہ ہی اس کی ذمہ داری لیتا ہے۔

اپنے بچے پر سرمایہ کاری کریں - کالج کے لیے بچت کریں

طریقہ معلوم کریں

nyckidsrise.org

833-KID-RISE (833-543-7473)

GRAY FOUNDATION

NYC | Office of the Mayor | Department of Education

NYC KIDS RISE

سٹی کمیونٹی ڈویلپمنٹ کی معاونت سے مواد کا حصول ممکن ہوا ہے۔